No. of Printed Pages : 4 **BUDC-104**

B.A. (HONS) URDU
(BAUDH)
Term-End Examination
December, 2022

BUDC-104 : JADEED URDU GHAZAL KA MUTALA
(STUDY OF MODERN URDU GHAZAL)

Time : 3 hours *Maximum Marks : 100*

نوٹ : سبھی سوالوں کے جواب دینا لازمی ہے اور تمام سوالوں کے نمبر سوال کے سامنے درج ہیں۔

(حصّہ۔الف)

.1 مرزا یاس یگانہ چنگیزی کی شعری خصوصیات بیان کیجیے۔ *10*

یا

مجروح سلطان پوری کی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

.2 شاد عظیم آبادی کی حیات پر ایک مختصر مضمون تحریر کیجیے۔ *10*

یا

فیض احمد فیض کی شعری خصوصیات پر اظہارِ خیال کیجیے۔

3. کلیم عاجز کے سوانحی کوائف کو قلم بند کیجیے۔ *10*

یا

پروین شاکر کی شعری انفرادیت کو واضح کیجیے۔

(حصّہ۔ب)

4. جدید اردو غزل کی خصوصیات و امتیازات کو مفصّل بیان کیجیے۔ *15*

یا

فانی بدایونی کی غزل گوئی پر اظہارِ خیال کیجیے۔

5. حالی کی غزل گوئی کے متعلق اپنی معلومات کو قلم بند کیجیے۔ *15*

یا

شہریار کی غزل گوئی کا جائزہ لیجیے۔

(حصّہ۔ج)

6. ''جدید اردو غزل'' سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ وضاحت کرتے ہوئے اس کے ارتقا پر مفصّل روشنی ڈالیے۔ *20*

یا

اصغر گونڈوی کے حالاتِ زندگی بیان کرتے ہوئے ان کی غزل گوئی کے امتیازات کو واضح کیجیے۔

7. مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ *20*

ہنوز زندگی تلخ کا، مزا نہ ملا
کمال صبر ملا، صبر آزمانہ ملا

امید و بیم نے مارا مجھے دوراہے پر
کہاں کے دیر و حرم، گھر کا راستہ نہ ملا

خوشا نصیب جسے فیض عشق شور انگیز
بہ قدر ظرف ملا، ظرف سے سوا نہ ملا

بجز ارادہ پرستی خدا کو کیا جانے
وہ بد نصیب جسے بخت نارسا نہ ملا

نگاہِ یاسؔ سے ثابت ہے سعی لاحاصل
خدا کا ذکر تو کیا، بندۂ خدا نہ ملا

یا

کچھ یادگار شہر ستم گر ہی لے چلیں
آئے ہیں اس گلی میں تو پتھر ہی لے چلیں

یوں کس طرح کٹے گا کڑی دھوپ کا سفر
سر پر خیالِ یار کی چادر ہی لے چلیں

زنجِ سفر کی کوئی نشانی تو پاس ہو
تھوڑی سی خاکِ کوچۂ دلبر ہی لے چلیں

یہ کہہ کے چھیڑتی ہے، ہمیں دل گرفتگی
گھبرا گئے ہیں آپ تو باہر ہی لے چلیں

اس شہرِ بے چراغ میں جائے گی تو کہاں
آ اے شبِ فراق تجھے گھر ہی لے چلیں